نیوز ریلیز
شعبۂ تعلقات عامہ
سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

(Posted on March 2, 2006)

کراچی میں امریکی قونصل خانہ کے باہر بم دھماکہ میں دو اہلکار جاں بحق

2 مارچ کی صبح تقریباً نو بج کر پانچ منٹ پر کراچی میں امریکی قونصل خانہ کے دو اہلکار قونصل خانہ میں داخل ہوتے ہوئے بم دھماکہ کے باعث جاں بحق ہوگئے۔ ان میں ایک امریکی اہلکار ڈیوڈ فوئے قونصل خانہ میں فیسیلٹیز مینٹیننس آفیسر تھے۔ بم دھماکہ میں دوسرے جاں بحق ہونے والے شخص افتخار احمد ایک پاکستانی تھے جو قونصل خانہ میں کام کرتے تھے۔ کراچی میں امریکی قونصل خانہ کے مطابق دیگر امریکی عملہ بخیر و عافیت ہے۔

امریکی اور پاکستانی حکام دھماکہ کی وجوہات کی تحقیقات کر رہے ہیں۔

ہم بم دھماکہ میں جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین سے دلی تعزیت کرتے ہیں۔ اس مشکل گھڑی میں ہمارے دل اُن کے ساتھ ہیں۔ ہم دہشت گردی کے اس واقعہ کی مذمت کرتے ہیں اور اس کے ذمہ داروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے حکومت پاکستان کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11-اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3